سوال

(05) بھائی کی وفات کے بعد اس کی بیوی سے شادی اور دونوں کی اولاد کا معاملہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے حق اور مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ دوسگے بھائی ہیں، ان میں سے ایک بھائی فوت ہوگیا ہے اور دوسرے بھائی کی بیوی فوت ہوگئی ہے، اب جو بھائی فوت ہوگیا ہے اس کی بیوی سے دوسرے بھائی نے شادی کرلی ہے۔ اب ایک بھائی جو فوت ہوگیا اس کا بیٹا ہے اور دوسرے کی بیٹی ہے۔ کیا ان دونوں کی آپس میں شادی ہوسکتی ہے؟ (سائل: قاری محمد یحییٰ شاہدرہ لاہور)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چوں کہ یہ لڑکا اور لڑکی آپس میں غیر محرم ہیں اور حُرِّمَت عَلَيكُم أُمَّهـٰتُكُم وَبَنَاتُكُم وَأَخَوَاتُكُم .... الایۃ میں حرام رشتوں میں شامل نہیں۔ لہٰذا وَأُحِلَّ لَكُم ما وَراءَ ذٰلِكُم أَن تَبتَغوا بِأَموالِكُم مُحصِنينَ غَيرَ مُسافِحينَ .... الایۃ کے مطابق ان کا آپس میں نکاح بلاشبہ صحیح اور شرعی نکاح ہوگا۔ منع کی کوئی دلیل نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص118

محدث فتویٰ